



**خلاصہ مضامین قرآن** | مرتب۔ مولانا ملک عبدالروف ۔ نظر ثانی، حافظ نذر احمد۔ ناشر، مسلم پاک اکادمی فضل مارکیٹ، اردو بازار۔ لاہور۔ صفحات چار سو۔ قیمت تینتیس روپے۔

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام ہے اور رہتی دنیا تک بنی نوع انسان کی ہدایت اسی کتاب الہٰی سے وابستہ ہے۔ اس ایمان و یقین کے تحت قرآن کی تعلیم و تفہیم کے لئے جو اقدام بھی کیا جائے لائق صد تحسین ہے۔ قرآن حکیم کے انڈکس ہوں یا مختلف زبانوں میں اس کے تراجم، اس کے مضامین پر مبنی کتابچے ہوں یا چارٹ، اس کی تفاسیر لکھی جائیں یا خلاصے تیار کئے جائیں ہر کام مفید ہے۔

نماز تراویح میں مسلمان کم از کم سال میں ایک بار پورا قرآن سن لیتے ہیں۔ اگر وہ زبان قرآن سے واقف ہیں تو تذکیر کا حق ادا ہو جاتا ہے مگر عربی زبان سے ناواقف لوگوں کے لئے قرآنی مطالب ان کی زبان میں بیان ہوں تو فائدہ بڑھ جاتا ہے۔ کچھ عرصے سے علماء نے اس طرف توجہ دی ہے کہ نماز تراویح سے پہلے یا دوران میں قرآن کا جتنا حصہ پڑھنا مقصود ہوتا ہے اس کا خلاصہ بیان کر دیتے ہیں۔

مولانا ملک عبدالروف نے مذکورہ بالا ضرورت کے تحت "خلاصہ مطالب قرآن" مرتب کیا اور اس سے خاطر خواہ فوائد حاصل ہوتے جسے اب زیر نظر کتاب کی صورت میں افادہ عام کے لئے پیش کیا گیا ہے۔ مولانا موصوف عربی زبان و ادب پر عبور رکھتے ہیں، اچھے عالم دین ہیں اور ان کی عمر کا ایک حصہ علوم اسلامیہ کی تدریس میں بسر ہوا ہے۔ چنانچہ ان کی زیر نظر کاوش میں ان کے علم و تجربہ کی جھلک موجود ہے۔

جناب حافظ نذر احمد نے کتاب پر نظر ثانی کی ہے اور ترتیب و تدوین میں مزید حسن پیدا کیا ہے۔ ہر رکوع کا خلاصہ آٹھ تا سولہ سطروں میں بیان کیا گیا ہے۔ اور ہر رکوع کے مضامین کے لحاظ سے مناسب عنوان تجویز کیا ہے۔ زبان سادہ اور رواں ہے جس سے کم تعلیم یافتہ افراد اور طلبہ بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ (اختر راہی)

**شاہ اسمٰعیل شہید اور ان کے ناقد** | از مولانا اخلاق حسین کاظمی۔ قیمت مجلد ۲۱ روپے۔ غیر مجلد ۱۸ روپے
پتہ سنی پبلی کیشنز۔ الوہاب مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور ۲